نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں 1 کروڑ 67 لاکھ ایکڑ رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جا چکا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:15 دسمبر 2024: صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا مرحلہ کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔اب تک صوبہ میں 1 کروڑ 67 لاکھ ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی جا چکی ہے جبکہ اس سال گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا تھا۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے خصوصی کسان پیکج کے گندم کی کاشت کے دوران مثبت اثرات واضح طور پر نظر آئے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے جامع پلان پر عملدرآمد کیا گیا۔اس سال گندم کی کاشت ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا لیکن محکمہ زراعت پنجاب کی فیلڈ فارمیشنز نے متحرک کردار ادا کیا اور اس مہم کی کامیابی میں ڈویژنل و ڈسٹرکٹ انتظامیہ نے بھی بھرپور تعاون کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی مہم کی کامیابی میں کاشتکاروں کا بھرپور تعاون بھی قابل ستائش رہا۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کی مقرر کردہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائی۔انھوں نے واضح کیا کہ گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے حصول کیلئے نگہداشتی امور پر عملدرآمد جاری ہے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، رانا تجمل اور نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلی افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆